© rasailojaraid.com

سید کاشف گیلانی

# ......... یہ گرتا ڑا حضرت نے

صدر کلنٹن کو ڈانٹا اور ڈپٹا جھاڑا حضرت نے
امریکہ اسلام کا جا کر جھنڈا گاڑا حضرت نے
مولانا میں کیا رکھا ہے سیٹھ بنیں گے حضرت جی
مسلم لیگ کا اسی لئے تو کیا کباڑا حضرت نے
جوشِ جنوں میں لطفے نے کچھ کام غلط کر ڈالے ہیں
ڈیرے والو تم ہی کہو کیا کام بگاڑا حضرت نے
مفت سیاست کرنے والے مفتی تھے اب ڈھونڈا نہیں
مفت سیاست کرنے والا ورق ہی پھاڑا حضرت نے
ہائے وہ کتنے بھولے تھے جو کام اوروں کے آتے تھے
ابا کے بھی سب کاموں کا لیا ہے بھاڑا حضرت نے
زرداری آسان نہیں ہے زیرک ہونا لازم ہے
یہ گر مُلّا کیا جانیں گے یہ گر تاڑا حضرت نے
اس کے ابا کو پھینکوایا جس بیٹی کے ابا نے
اس ابا کی بیٹی کو کیا خوب پچھاڑا حضرت نے
کاشف بکرے کی ماں آخر کب تک خیر منائے گی
گرمی جیل کی دیکھی ہے نہ جیل کا جاڑا حضرت نے

☆



© rasailojaraid.com